Email- info@awamilalkaar.com

ABC Certified — MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | 10 صفر المظفر 1446ھ، 16 اگست 2024ء، قیمت 10 روپے | شمارہ 138

لگتا ہے مزید گرفتاریاں عمل میں آئیں گی، وزیر اطلاعات

ایک ادارے کی جانب سے خود احتسابی کا عمل خوش آئند ہے، خود احتسابی کا عمل ہر ادارے کو اپنانا چاہیے، وزیر اعظم جلد قوم سے خطاب کریں گے، وزیر اطلاعات عطا تارڑ

آئیکو انتخابیہ صارفین کی شکایات کے تیز ترین ازالے کے لئے ہر طرح سے کوشاں ہے

تمام ایس ڈی دفاتر میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کا انعقاد جاری

چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیکو کا اسلام آباد سرکلز کے مختلف دفاتر میں منعقدہ کچہریوں کا دورہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ جنرل (ر) نعیم حمید سے تحقیقات کے بعد مزید چیزیں فوجی افسران کو گرفتار کیا گیا لگتا ہے کہ مزید گرفتاریاں بھی عمل میں آئیں گی کیوں کہ تحقیقات جاری ہیں اور مزید لوگوں کے نام سامنے آرہے ہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کا غرض کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک ادارے کی جانب سے خود احتسابی کا عمل خوش آئند ہے (بقیہ نمبر 2 5)

وزیر اطلاعات اور پنجاب ریسٹ ہاؤس لاہور فیصل آباد میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیکو محمد علیم خان نے اسلام آباد سرکل کے مختلف ایس ڈی او دفاتر میں منعقدہ کھلی کچہریوں کا اچانک دورہ کیا۔ آئیکو چیف نے کھلی کچہریوں میں شرکت کرنے والے صارفین کے ساتھ ملاقات کی انکے کے (بقیہ نمبر 1)

پنجاب بھر میں ڈھائی ماہ بعد تعلیمی سرگرمیاں بحال

اسکول تو کھل گئے مگر سرکاری اسکولز تعلیمی سہولیات سے محروم ہیں بجلی اور غسلخانے پانی کی فراہمی کے کوئی متبادل انتظامات نہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب بھر میں موسم گرما کی ڈھائی ماہ کی طویل تعطیلات ختم ہونے کے بعد تمام سرکاری اور نجی اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیاں بحال ہو گئی ہیں۔ اسکول کھلتے ہی والدین اور طالب علموں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ (بقیہ نمبر 4)

برطانیہ میں مسجد کو بم سے اڑانے کی دھمکی دینے والی خاتون کو سزا

سوشل میڈیا پر پوسٹ غصے میں کی تھی مجھے ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔ پوسٹ کا مقصد خوف و ہراس پھیلانا نہیں تھا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کی عدالت نے مسجد کو بم سے اڑانے کی دھمکی دینے والی خاتون کو قید کی سزا سنا دی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق برطانیہ کے علاقے ساتھ پورٹ میں ہونے والے پرتشدد واقعات کے دوران (بقیہ نمبر 3)

محمد بن سلمان نے اپنے قتل کا خدشہ ظاہر کر دیا، امریکی میڈیا

امریکی کانگریس اراکین سے گفتگو میں سعودی ولی عہد نے مصر کے مقتول صدر انور سادات کا حوالہ دیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی ولی عہد اور وزیر اعظم محمد بن سلمان نے اپنے قتل کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ امریکی میگزین پولیٹیکو کی رپورٹ کے مطابق محمد بن سلمان نے امریکی کانگریس کے ارکان سے (بقیہ نمبر 2)

پوزیشن ہولڈر طلبہ کیلئے بڑی خوشخبری

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے منظوری دے دی، طلبہ کیلئے میرٹ پر سکالرشپ کی منظوری، 25 ہزار طلبہ کے 4 سالہ تعلیمی اخراجات حکومت پنجاب ادا کرے گی، 100 ارب سے زائد فنڈ مختص

طالبات کیلئے ٹرانسپورٹ پروگرام کا آغاز، پنجاب کے 60 گرلز کالجز کو پہلے مرحلے میں بسیں دی جائیں گی، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں آئی ٹی حب کے قیام کی منظوری، وزیر اعلیٰ کا آئی ٹی حب کیلئے فوری اقدامات کا حکم

لاہور (این این آئی) پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے پوزیشن ہولڈر طلبہ کو انعام دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پوزیشن ہولڈرز کو انعام دینے کی منظوری دے دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر طلبہ کے ایک ایک کیمپ کو بھی انعام دیا جائے گا۔ طلبہ کیلئے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے خصوصی میرٹ سکالرشپ کی بھی منظوری دے دی 5 2 ہزار طلبہ (بقیہ نمبر 9) اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے سٹوڈنٹس

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پوزیشن ہولڈر طلبہ کو انعام دینے سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

سپیکر سردار ایاز صادق کا قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی تنظیم نو کا فیصلہ

قومی خزانے کو ایک ارب روپے سالانہ کی بچت ہوگی، تنظیم نو کے اقدامات قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو ضرورت کے مطابق فعال اور متحرک بنانے کا حصہ ہیں

پہلے مرحلے میں 90 اور دوسرے مرحلے میں 130 غیر ضروری آسامیاں ختم، 56 کروڑ روپے سالانہ کی بچت ہوگی

تیسرے مرحلے میں انتظامی اصلاحات کے اقدامات سے مزید 40 کروڑ روپے سالانہ کی بچت ہوگی

سپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت فنانس کمیٹی کے اجلاس میں فیصلوں کی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے کفایت شعاری کی قومی مہم کے تحت پہلا قدم اٹھاتے ہوئے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی گریڈ ایک سے 19 تک کی 220 غیر ضروری آسامیاں ختم کردی گئیں جس سے قومی خزانے کو 56 کروڑ 30 لاکھ روپے سے زائد کی سالانہ بچت ہوگی۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایک ارب روپے سالانہ قومی بچت کا ہدف مقرر کردیا۔ قومی اسمبلی کے اخراجات میں بڑی کٹوتی لانے کے تین مراحل میں سے دوحصل کر لیے گئے۔ پہلے مرحلے میں قومی اسمبلی کی مختلف گریڈز کی 90 غیر ضروری آسامیاں ختم کی گئیں جن سے 25 کروڑ 52 لاکھ 4 ہزار روپے سالانہ کی بچت ہوگی۔ جبکہ دوسرے مرحلے میں گریڈ ایک سے 19 تک کی 130 غیر ضروری آسامیاں ختم کرنے سے 30 کروڑ 75 لاکھ روپے سالانہ کی بچت ہوگی۔ جس سے مجموعی طور پر 56 کروڑ 27 لاکھ 66 ہزار روپے سے زائد کی سالانہ بچت ہوگی جبکہ (بقیہ نمبر 5)

خوارج کیخلاف کامیاب آپریشن، سپیکر قومی اسمبلی کا خراج تحسین

سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں اور افسروں نے ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کا عزم کر رکھا ہے

خوارج اپنی بزدلانہ اور شرمناک کارروائیوں سے ملک کا امن سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ضلع کرم میں خوارج کے خلاف سکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن، اسپیکر قومی اسمبلی کا خوارج کمسین اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ضلع کرم میں آپریشن کے ذریعے خوارج کے ٹھکانوں کو تباہ کرنے اور خوارج کو پہاڑ حاصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا خوارج کمسین اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں اور افسروں نے ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کا عزم کر رکھا ہے، اسپیکر (بقیہ نمبر 1 5)

مسلم لیگ ن کے صدر میاں نواز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کی بڑھتی آبادی، ملکی وسائل پر نمایاں اثرات مرتب

بڑھتی آبادی کی وجہ سے تیزی سے مکانات کی کمی اور سڑکوں، نقل و حمل اور عوامی خدمات جیسے بنیادی ڈھانچے پر دباؤ کا باعث بن رہی ہے

آبادی میں اضافہ کی وجہ سے جنگلات کی کٹائی، آلودگی اور حیاتیاتی تنوع کے نقصان میں معاون ثابت ہوتی ہے

مستقبل میں پاکستان کی آبادی 2050 تک 338 ملین اور 2100 تک 455 ملین تک پہنچنے کی توقع ہے

پاکستان کو آبادی میں اضافے سے نمٹنے کیلئے عوام کی مدد سے خاندانی منصوبہ بندی کے وسائل اور تعلیم تک رسائی کو بہتر بنانا ہوگا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نے کہا ہے کہ پاکستان کی تیزی سے بڑھتی آبادی ملکی وسائل اور بنیادی ڈھانچے اور ماحولیات پر نمایاں اثرات مرتب کر رہی ہے۔ انہوں نے پاکستان میں موجودہ اور مستقبل کی آبادی کے بڑھتے ہوئے وسائل پر دباؤ ڈال (بقیہ نمبر 6)

سیکرٹری بہبود آبادی سلمان اکاڈمی ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی ثمن رائے مختلف پرجیکٹس پر بریفنگ دے رہی ہیں

قومی زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد میں 77 واں یوم آزادی جوش و خروش سے منایا گیا

ڈاکٹر غلام عجمل، چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر شفراد اسد، ڈائریکٹر جنرل، این اے آر سی، سینئر مینجمنٹ کے ساتھ این اے آر سی کے سائنس دان اور سٹاف قومی پرچم کشائی کی

ڈاکٹر غلام عجمل، چیئرمین پی اے آر سی نے پاکستان کے قیام کے لیے اسلاف کی ناقابل فراموش قربانیوں کو یاد کرتے پر زور دیا

اب یہ ہمارا دینی فرض ہے کہ ہم پاکستان کو مزید خوشحال، ترقی یافتہ اور زندگی کے ہر شعبے میں آگے بڑھائیں، ڈاکٹر غلام عجمل، چیئرمین پی اے آر سی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) کی جانب سے قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (NARC) میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے 77 ویں یوم آزادی کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈاکٹر غلام عجمل، چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر شفراد اسد، ڈائریکٹر جنرل، این اے آر سی، سینئر مینجمنٹ کے ساتھ این اے آر سی کے سائنس دان اور سٹاف قومی پرچم کشائی کی تقریب میں شریک ہوئے، تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور قومی ترانہ سے کیا گیا۔ ڈاکٹر غلام عجمل، چیئرمین پی اے آر سی نے پاکستان (بقیہ نمبر 7)

چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر غلام عجمل نے 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد میں قومی پرچم کشائی کر رہے ہیں

گیس چوری میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 44 کنکشن منقطع، 8 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

لاہور میں، SNGPL کی ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 17 کنکشن منقطع کیے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کی جانب سے گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 44 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے، جبکہ 8 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ لاہور میں، SNGPL کی ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 17 کنکشن منقطع کیے اور 5 لاکھ 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ ملتان میں ٹیم نے 14 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے۔ مردان میں، رجسٹل ٹیم نے 5 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے اور 1 لاکھ 60 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ شیخوپورہ میں، 2 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے اور 1 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد (بقیہ نمبر 8)

پاکستان دنیا کی 24 ویں معیشت بن کر مسلم امہ کی قیادت کریگا، اسحاق ڈار

2017ء میں معاشی ترقی روک دی گئی تھی، بزرگان دین، صوفیا عظام کی تعلیمات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں

اب بری امام پر ہر سال صرف عرس مبارک ہوگا اور کسی قسم کا کوئی مسئلہ نہیں ہوگا جس میں نامناسب چیزیں ہوتی تھیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان بہت جلد دنیا کی 24 ویں مضبوط معیشت بن کر مسلم امہ کی قیادت کریگا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی بری امام دربار پر آمد ہوئی جہاں انہوں نے عرس کی تقریبات کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسحاق ڈار کا کہنا تھا پاکستان بہت جلد چوبیسویں معیشت بنے گا، پاکستان مسلم امہ کی قیادت کریگا 2017 میں معاشی ترقی روک دی گئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ سولہ سال بعد عرس کی تقریبات بحال ہوئی ہیں، اب عرس مبارک ہر سال عقیدت و احترام سے (بقیہ نمبر 10)

مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف پارٹی کے اہم مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

نظم و ضبط پر کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا، ملک جہانزیب اعوان

افسران اور ماتحت اہلکار سخت محنت اور ایمانداری کو شعار بنائیں، کمشنر سرگودھا

سرگودھا (این این آئی) کمشنر سرگودھا ملک محمد جہانزیب اعوان نے اپنے پہلے تعارفی اجلاس میں واضح کیا کہ نظم و ضبط پر کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔ اس لئے (بقیہ نمبر 1 6)

پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر راحمہ خان بگھر و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

رازوں کا سینوں میں دفن رہنا ہی بہتر ہے، ملک احمد خان

جنرل باجوہ نے توسیع سے صاف انکار کیا تھا، بدیتی توان کے پاس کئی آپشنز تھے

لاہور (انٹرنیوز) سٹیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ رازوں کا سینوں میں دفن رہنا ہی بہتر ہے، جنرل باجوہ نے توسیع لینے سے صاف انکار کیا تھا، بدیتی (بقیہ نمبر 18)

فیض حمید کے کورٹ مارشل پر قانون اپنا راستہ خود بنائے گا، عمر ایوب

راولپنڈی (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کا کہنا ہے کہ جنرل فیض حمید کے کورٹ مارشل پر قانون اپنا راستہ خود بنائے گا۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا کہ کچھ لوگ سوشل میڈیا پر جس افسران نے نقدی اٹھائی ان کا بھی کورٹ (بقیہ نمبر 17)

مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف پارٹی کے اہم مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

آرمی چیف کی جانب سے سابق فوجیوں کے اعزاز میں تقریب

چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر کی جانب سے یوم آزادی پر سابق فوجیوں کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

جس میں انہیں دشمن عناصر کی جعلی خبروں اور پروپیگنڈے کے خطرے سے آگاہ کیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (انٹرنیوز) چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر کی جانب سے یوم آزادی پر سابق فوجیوں کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں انہیں دشمن عناصر کی جعلی خبروں اور پروپیگنڈے کے خطرے سے آگاہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق

علی امتیاز وڑائچ پنجاب اسمبلی میں پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر مقرر

پارٹی کے سیکرٹری جنرل عمر ایوب خان نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے حافظ فرحت عباس کے استعفے کے بعد علی امتیاز وڑائچ کو پنجاب اسمبلی میں تحریک انصاف کا پارلیمانی لیڈر مقرر کر دیا۔ پارٹی کے سیکرٹری جنرل عمر ایوب خان نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ علی امتیاز وڑائچ (بقیہ نمبر 14)

ایف آئی اے کی کارروائیاں، حوالہ ہنڈی میں ملوث تین ملزمان گرفتار

حوالہ ہنڈی میں ملوث ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں، ڈی جی لاہور زون

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے لاہور میں مختلف کارروائیوں کے دوران حوالہ ہنڈی میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق کارپوریٹ کرائم سرکل لاہور زون نے بلاڑ مارکیٹ میں (بقیہ نمبر 2)

صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ سے ڈپٹی کمشنر کیلشن (ر) کا سربراہ ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد سے دبئی اور ریاض کے مسافروں کے قبضے سے منشیات برآمد

اسلام آباد (این این آئی) ایئرپورٹ سکیورٹی فورس (ایس ایف) کے عملے نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے دبئی اور ریاض کے مسافروں کے قبضے سے منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان ایس ایف کے مطابق دبئی کیلئے اسلام آباد ایئرپورٹ (بقیہ نمبر 21)

ہاتھ پاؤں باندھ کر چھینکی گئی مبینہ غیر ملکی خاتون کا پولیس کو بیان دینے سے انکار

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر غرجی خاتون کو ہاتھ پاؤں باندھ کر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے علاقے جی 9 کی گلی میں پھینکنے کے معاملے کی تحقیقات کے لیے ایس ایس پی کی زیر نگرانی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق خاتون بیان دینے سے انکاری (بقیہ نمبر 23)

ملک میں انٹرنیٹ کی سست رفتاری پر اظہار برہمی

وزارت آئی ٹی سے ہونیوالے نقصان کی رپورٹ طلب، دو ہفتوں میں مسئلہ حل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (انٹرنیوز) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی نے ملک میں انٹرنیٹ کی سست رفتاری پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہونیوالے نقصان کی رپورٹ طلب کرتے ہوئے دو ہفتوں میں مسئلہ حل کرنے کی ہدایت کر دی۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو سینیٹ (بقیہ نمبر 13)

ٹیکسیشن نظام میں اصلاحات کے نام پر صرف ڈنگ ٹپاؤ ہوتا ہے

نظام کی ابتری کے ذمہ داروں کو ہی اصلاحات کی ذمہ داری سونپی جاتی ہے، لاہور لیکس بار

لاہور (این این آئی) لاہور لیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ٹیکسیشن نظام میں اصلاحات کے نام پر صرف ڈنگ ٹپاؤ ہوتا ہے، جو ادارہ اور افسران ٹیکس نظام کی ابتری کے ذمہ دار ہیں انہیں ایسوسی ایشن کے صدر ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ایم اے کاہلوں نے کہا کہ ٹیکسیشن نظام میں اصلاحات کے نام پر صرف ڈنگ ٹپاؤ ہوتا ہے، جو ادارہ اور افسران ٹیکس نظام کی ابتری کے ذمہ دار ہیں انہیں ہی اصلاحات کی ذمہ داری سونپی جاتی ہے، اس کے لئے نئی تھیسز سے اسٹیک ہولڈرز اور سماکو ہی حاصل ہیں اور غیر ٹیکس ماہر کی خدمات بھی حاصل کرنا چاہئے۔ اظہار برہمی کا اظہار کیا (بقیہ نمبر 20)

سرکاری افسران کا بیرون ملک سیاسی پناہ کا بڑھتا رجحان

وزارت خارجہ نے نئی ویزا نوٹ گائیڈ لائنز جاری کر دیں

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزارت خارجہ نے سرکاری افسران کے بیرون ممالک سیاسی پناہ کے بڑھتے رجحان کے پیش نظر نئی ویزا نوٹ گائیڈ لائنز جاری کر دیں۔ اطلاعات کے مطابق دفتر خارجہ نے سینئر سٹیٹ سکرٹریٹ اور قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کیلئے ویزا نوٹ گائیڈ لائنز میں تبدیلی کر دی۔ ذرائع کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی منظوری کے بعد ویزا نوٹ (بقیہ نمبر 2 2)

سے پی ایل (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے چشتیاں تحفظ و موضع کے پر براہ منظور حسین ملاقات کر رہے ہیں

چکوال، سفاک باپ ایک بیٹی کو قتل، دوسری کو زخمی کر کے فرار

چکوال (انٹرنیوز) چکوال میں سفاک باپ ایک بیٹی کو قتل اور دوسری کو زخمی کر کے فرار ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق چکوال کے علاقے بھون کلر کہار میں سگھرا باپ نے اپنی 2 جوان بیٹیوں پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک بیٹی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی جبکہ دوسری شدید زخمی ہوئی۔ واقعے کے بعد باپ محمد (بقیہ نمبر 24)

ضائی نظام کی آؤٹ سورسنگ کا مکمل انتظامی مراحل پر پہنچ گیا، وزیر ملیدات

آؤٹ سورسنگ سسٹم کا مطلب شہریوں کو صفائی کی اس تحریک میں براہ راست شامل کرنا ہے

لاہور (این این آئی) وزیر ملیدات و ٹیکنالوجی رمیشن نے کہا ہے صفائی کا نظام آؤٹ سورس کرنے کا عمل انتظامی مراحل پر پہنچ چکا ہے، صفائی کے پائلٹ پراجیکٹ میں ہر کھیل کو ایک یونٹ کا درجہ دیا گیا ہے۔ سول سکرٹریٹ میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی (بقیہ نمبر 14)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل عدیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مکان کی تعمیر کے لیے صرف 15 لاکھ روپے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے روشن گھرانہ پروگرام 'اپنا گھر، اپنی چھت' کے ماڈل گھر کی منظوری دی گئی جس کے تحت شہر میں 5 مرلے اور دیہات میں 10 مرلے تک پلاٹ پر گھر بنانے کے لیے 15 لاکھ روپے دیے جائیں گے۔ مریم نواز شریف نے اس سکیم کے تحت قرض لینے والوں سے کم از کم پہلے تین ماہ قسط نہ لینے کی ہدایت کی ہے۔ بے شک وزیر اعلیٰ پنجاب کا 'اپنا گھر، اپنی چھت' منصوبہ قابل ستائش ہے مگر اس منصوبے کے تحت مہنگائی کے اس دور میں اپنا گھر بنانے کے لیے صرف 15 لاکھ روپے کی رقم اونٹ کے منہ میں زیرے کے مترادف ہے۔ اس وقت سیمنٹ، سریا اور دوسرا میٹریل بہت مہنگے ہو چکے ہیں۔ تین مرلے کے سنگل سٹوری مکان کی تعمیر پر بھی کم از کم پچیس سے تیس لاکھ روپے تک لاگت آتی ہے۔ اس کی تزئین و آرائش کے اخراجات علیحدہ ہیں۔ بہتر ہوتا اگر وزیر اعلیٰ پنجاب منصوبے کی منظوری سے پہلے پانچ اور دس مرلے کے گھر کا تخمینہ لگوا کر سکیم کا اجرا کرتیں۔ اس صورت میں ان کا یہ اقدام زیادہ مستحسن ہوتا اور عام آدمی اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوتا۔ مریم نواز نے عوام کی سہولت کے لیے 'اپنی چھت، اپنا گھر' کے تحت غریبوں کو سر چھپانے کی جگہ مہیا کرنے کے لیے جو بیڑا اٹھایا ہے اسے شفاف بنا کر حق داروں کو اپنی چھت فراہم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اس سے قبل اپنے وزارت اعلیٰ کے دور میں موجودہ وزیر اعظم شہباز شریف نے 'آشیانہ' سکیم کا اجرا کیا جس کے تحت اپنے گھر کے حصول کے لیے غریب عوام نے لاکھوں روپے کے فارم خریدے مگر یہ سکیم ان کی حکومت کے خاتمے کے ساتھ ہی ختم کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز کو یہ منصوبہ ٹھوس بنیادوں پر شروع کرنا چاہیے تاکہ غریب عوام اس منصوبے کے تحت واقعی اپنی چھت حاصل کر سکیں۔

شہر خموشاں

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

میں بہت دنوں بعد شہر خموشاں میں آیا تھا جب بھی دنیا کی ہنگامہ خیزی اور شور سے دل بیزار ہوتا ہے تو میں قبرستان کا رخ کرتا ہوں جہاں پر چند گھڑیاں گزار کر انسان کو اپنی اوقات یاد آجاتی ہے قلب و روح پر پڑی غبار چھٹ جاتی ہے دل کے نہاں خانوں میں یہ گونج صدائیں دیتی ہے کہ تمہارا آخر بھی یہی ہے ایک دن تم نے بھی یہاں آنا ہے جس طرح آج تم مریدوں کے ہجوم میں نظر آتے ہو اِسی طرح اِس شہر خموشاں میں بھی ایک سے بڑھ کر ایک ہمالیہ جیسا انسان خاک نشیں ہے جب وہ تمہاری طرح دھرتی کے اوپر سانس لیتے تھے تو اِن کا بھی یہی گمان تھا کہ اُن سے بہتر اِس دھرتی پر پہلے کوئی نہیں آیا ایسے ایسے ماہ رخ دلکش چہرے جن کے حسن کے جلوے دیکھ کر کائنات کی نبض رک جاتی تھی وہ چہرے جب وہ سکرین پر نمودار ہوتے تو ٹریفک جام ہو جاتی کسی محفل میں جاتے تو رنگ و نور خوشبوؤں کا سیلاب آجاتا سارے سنگی مجسمے بن جاتے حسن کے آبروئے چشم پر اقتدار کے ایوانوں میں زلزلے آجاتے جن کے ماتھے کی ایک شکن پر دولت مند دولت کے انبار اِن کے قدموں میں لگا کر پوچھتے اور ہمارے لیے کیا حکم ہے جن کی ناراضگی پر لوگ اپنی جانیں قربان کر دیتے جن کے حسن کے لشکارے دیکھ کر ہوائیں فضائیں ساکت اور بوڑھا آسمان پلک جھپکنا بھول جاتا جن کے رخ روشن کا نظارہ دیکھ کر بہت سارے لوگ خالق کے عشق میں گرفتار ہو جاتے آج مٹی کے نیچے کیڑے مکوڑوں کی خوراک اور مٹی میں بدل چکے ہیں جو جب بھی جلوہ افروز ہوتے تو ہجوم کو کنٹرول کرنا مشکل ہو جاتا لوگ گھنٹوں ایک جھلک دیکھنے کے لیے غلاموں کی طرح کھڑے رہتے اب کتنی سینکڑوں خاموش راتیں گزر گئیں آج ان کی قبروں پر چمگادڑوں جانوروں کا راج ہے پرندے اپنے معدوں کی غلاظت صاف کرتے ہیں دوسری طرف کوچہ اقتدار کے ایسے شاہ زور جو لاکھوں دلوں کی دھڑکن تھے جن کو لاکھوں لوگ ووٹ ڈالتے تھے جو اپنے درباریوں کو وزارتیں خیرات کے طور پر بانٹتے تھے جو سمجھتے تھے کہ وہ کوچہ اقتدار کے کوٹھے پر جلوہ گر ہوئے اور قائم رہنے کے لیے پیدا ہوئے ہیں جو سڑکوں پر نکلتے تو پروٹوکول کے لشکر ان کے طواف کرتے جہاں جہاں سے گزرتے گھنٹوں پہلے عوام کے لیے ٹریفک روک دی جاتی تاکہ شہنشاہ عالم کو ٹریفک کی وجہ سے سست روی کا شکار نہ ہونا پڑے جو کبھی اگر کسی جگہ خطاب کرتے تو گھنٹوں پہلے جلسہ گاہ کو عوام کے سمندر سے بھر دیا جاتا تاکہ لیڈر کو بتایا جا سکے کہ وہ کتنا محبوب ہر دل عزیز ہے اور جب ایسے اقتدار کے لشکروں کو فرشتہ اجل نے پکڑا تو لوگ ان کو منوں مٹی کے نیچے دبا کر چلے گئے جو ہجوم درباریوں کے بغیر ایک لمحہ نہیں گزار سکتے تھے جنہوں نے اپنے آرام کے لیے دنیا بھر کے بہترین باورچی اپنے کھانے کے لیے رکھتے تھے جو دنیا بھر کے بہترین لذیذ کھانے اِن کو پیش کرتے تھے آج اِن کے جسموں میں کیڑوں نے سرنگیں بنا دی ہیں اور اِن کے نرم و نازک جسموں کو چبا گئے ہیں کتنی راتیں دن گزر گئے نہ پروٹوکول کے لشکر نہ درباریوں کا مجمع خاموش راتیں گرمی سردی کی سختیاں اور تنہائی کا عالم میرے چاروں طرف دور تک قبروں کا جال بچھا ہوا تھا یہاں پر ایک سے بڑھ کر ایک ناگزیر سو رہا تھا جو کہتے تھے ہم نبض کائنات اور ملک کے لیے ناگزیر ہیں ہمارے بغیر ملک نہیں چل سکتا لیکن نبض کائنات اور ملک ویسے ہی چل رہا ہے کوچہ اقتدار اور محفلیں ویسے ہی آباد ہیں نئے لوگ نئے چہرے جو اِس خمار میں مبتلا کہ یہ محفلیں ہمارے دم سے آباد ہیں اور ملک صرف ہماری دانش حکمت سے چل رہا ہے ہم ہی عوام کے واحد سہارے ہیں ہم نہیں تو ملک نہیں عوام نہیں لیکن وقت کی کروٹ ایک ایک کر کے اِن سب کو بھی موت کے غار میں اتار دے گی اور نئے لوگ اِن کی جگہ لے لیں گے انہی سوچوں میں گم میں اپنے دوست کی قبر تک پہنچ گیا اور دعا کے لیے ہاتھ اٹھا دیئے دعا کے بعد میں نے دیکھا تھوڑی دور ایک پینٹ شرٹ میں ملبوس جوان کسی قبر پر پھول چڑھا کہ عقیدت کا بت بنا کھڑا تھا میں اُس کے قریب گیا تو قبر کی تختی دیکھ کر چونک پڑا دنیاوی بہت بڑے سیٹھ کی قبر تھی میری آہٹ پر جوان نے دعا ختم کی اور میری طرف متوجہ ہوا تو میں نے شفیق لہجے میں بولا یہ آپ کے والد صاحب کی قبر ہے تو وہ دکھی لہجے میں بولا جناب کاش اِن کی اولاد میں سے بھی کوئی آتا وہ تو ان کے مرنے کے بعد دولت کو لٹانے اور رنگ رلیوں میں مصروف ہیں وہ یہاں آکر اپنا وقت برباد نہیں کرتے تو میں بولا پھر آپ تو وہ بولا میں اِن کا ذاتی ملازم کا بیٹا ہوں مجھے انہوں نے پڑھایا جس کی وجہ سے آج میں اہم سرکاری نوکری کر رہا ہوں اگر وہ یہ نیکی میرے ساتھ نہ کرتے تو آج میں بھی کسی کی گاڑی کا ڈرائیور ہوتا یا نوکر ہوتا وہ اپنے مالک کی بہت تعریفیں کر رہا تھا اور میں سوچ رہا تھا کہ ہم جس اولاد کے لیے ساری زندگی جائز ناجائز کی تمیز کیے بغیر دولت اکٹھی کرتے ہیں وہ مرنے کے بعد پلٹ کر بھی خبر نہیں لیتے اور جو لوگ کسی غریب کی پرورش کرتے ہیں وہ مرنے کے بعد بھی آپ کی قبر پر دعا اور پھول چڑھانے آجاتے ہیں کاش ہم مرنے سے پہلے کوئی ایسی نیکی کر جائیں کہ کوئی ہماری قبر پر دعا کرنے اور پھول چڑھانے آجائے کوئی نیکی جس سے قبر جنت کا باغیچہ بن جائے۔

کیا ہم آزاد ہیں؟

ازقلم: مریم بتول، نوشہرہ سُون ویلی

14 اگست یعنی آزادی کا دن۔ کیوں یہی سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ کیا ہم آزاد ہیں؟ اپنی دھرتی سے الفت کی وجہ سے ہم ہمیشہ سے 14 اگست کے موقع پر مسرت و افتخار کا اظہار کرتے آئے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ یہ سوال اٹھتا آیا ہے کہ کیا ہم آزاد ہیں؟ پچھلے 76 سالوں کی نسبت 14 اگست 2024 کا یومِ آزادی ہر ایک کو اس سوال کے کٹہرے میں دھکیلے ہوئے ہے۔ کہ ایک ملک جس کو آزاد تو لا اللہ الا اللہ کی بنیاد پر کرایا گیا، آج اُسی ملک کے اندر مسلمان حکومت ہونے کے باوجود مسلمانوں پہ عرصہ حیات تنگ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ایسا ملک جس کو پانے کے لیئے بے شمار قربانیاں ہمارے آباؤ اجداد نے دیں، یہاں تک کہ مال و متاع، عزت و عصمت اور جان تک کی قربانیاں دینے سی بھی دریغ نہیں کیا۔ مگر کس لیئے؟ شاید اسی لیئے کہ آنے والی نسلیں وطنِ عزیز کی خوشگوار فضاؤں میں دینِ اسلام کے اصولوں کے مطابق پُر سکون زندگی گزار سکیں۔ مگر کیا آج ہم بطورِ مسلمان اور بحیثیتِ پاکستانی آزادی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں؟ کیا ہمارے ملک کے ایک عام شہری، ایک مزدور، ایک جفاکش یا کسی بھی متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے شخص کو ریاست آزادانہ حقوق سے آراستہ کر رہی ہے؟ یہاں تک کہ درمیانے طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کی رگوں کا خون بھی مکمل طور پر نچوڑنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ روز بروز بڑھتی مہنگائی اور بجلی کے بل عوام کے اعصاب پہ بارِ گراں کی طرح سوار ہیں۔ یہی نہیں ایک ایسا ملک جہاں آئین کے مطابق حاکمیت تو اللہ تعالیٰ کی قرار دی جائے مگر خود خدائی کے فیصلے کیئے جائیں وہاں آزادی کا لفظ کیا مفہوم رکھتا ہے؟ ایک ایسا ملک جہاں آزادیء اظہارِ رائے پر پابندی ہو، جہاں اگر کوئی فرعونیت کے خلاف ڈھکے چھپے الفاظ میں بھی آواز اٹھائے تو اُسے پابندِ سلاسل کر دیا جاتا ہے۔ کیا اُس ملک کی عوام آزاد کہلانے کی مستحق ہے؟ کیا 77 سالوں میں یکے بعد دیگرے آنے والی سیاسی جماعتوں نے عوام کو محکومی و غلامی کی بندشوں سے آزاد کروانے کی کوشش کی؟ یا انھیں مزید کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور کیا؟ پاکستان بننے کی بنیادی وجوہات اور بزرگوں کی تگ و دو پر نظر دوڑائیں تو دل خون کے آنسو روتا ہے کہ جس مقصد کے لیئے پاکستان کو حاصل کیا گیا وہ مقصد کبھی پورا ہوتا نظر نہیں آیا۔ حکمرانوں اور قانون ساز اداروں کا کردار تو ایک طرف مگر یہاں تو پورا معاشرہ ہی اخلاقی گراوٹ و انحطاط کا شکار ہے۔ ہمارے پست رویئوں اور ناجائز کاروائیوں کی بدولت پاکستانیوں کو دنیا بھر میں مشکوک اور بدعنوان سمجھا جاتا ہے۔ حالانکہ پاکستان جہاں پاک لوگوں کی رہائش گاہ سے موصوم ہے وہیں یہ دینِ الٰہی کا نام ہے اور دینِ الٰہی ایمان و اخلاق کی بلندیوں کو چھونے کا نام ہے۔ کیا یہ کہا جا سکتا ہے کے ہم حقیقی و لغوی معنوں میں ایک آزاد اسلامی ریاست کے باشندے ہونے کا حق ادا کرتے ہیں؟ یا صرف 14 اگست پہ ہم دل کی گہرائیوں سے یہ محسوس کرنے لگتے ہیں کہ اس روز خداوندِ کریم نے ہمیں ایک کرشمے سے نوازا، جسے ہم پاکستان کہتے ہیں۔ جس میں ہم آزاد ہیں۔ لیکن سچ تو یہ ہے کہ آزادی کو ہم نے درست معنوں میں سمجھا ہی نہیں کہ رب ذوالجلال نے ہمیں بے شمار وسائل سے بھرا خوبصورت وطن عطا کیا، اور ہم نے متحد ہو کر حقوق غصب کرنے والوں کے خلاف آواز نہ اٹھائی۔ اور ہر آنے والے کی غلامی کی۔ ہمارے قلوب و اذہان میں نسل در نسل غلامی منتقل ہوتی چلی آ رہی ہے۔ اور ہم اس کے خاتمے کے لیئے کوئی نمایاں کوشش بروئے کار نہیں لاتے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم آزاد ملک کے باشندے ہیں اور ظاہری طور پر کسی بھی بیرونی طاقت کی مداخلت کے بغیر زندگی گزار رہے ہیں۔ ورنہ ہمارے جیسے ہی کئی مسلمان فلسطین اور کشمیر میں انتہائی بے دردی سے موت کے گھاٹ اتارے جا رہے ہیں۔ مگر ہمارے جیسے آزاد پاکستانی اُن کی مدد کو نہیں پہنچ سکتے۔ آخر اِس کے پیچھے کیا وجہ ہے! ہماری آزادی یا ہماری محکومی؟ یہی نہیں اپنے ہی ملک کے حالات پہ مزید غور کیا جائے تو چاروں صوبوں کے درمیان برابری اور اجتماعیت نہیں ملتی۔ بنیادی حقوق و وسائل تک رسائی ہر خاص و عام کے لیئے برابری کی سطح پر نہیں۔ اور کیا بلوچ نسل کشی بلوچیوں کی آزاد ریاست کے باشندے ہونے کا ثبوت ہے؟ اور کیا یہ نسل کشی اس نقطے کی طرف اشارہ نہیں کرتی کہ آنے والے وقت میں پورا پاکستان فلسطین و کشمیر کی شکل اختیار کر سکتا ہے؟ تو کوئی منصف اگر انصاف کرنے بیٹھے یا جب کوئی قلم آزادی کے متعلق اظہارِ مسرت کے لیئے اُٹھے مگر اُسے رنج و غم سے بھرے حقائق کے سوا کچھ نہ ملے تو وہ یہ کیسے لکھ دے کہ "آزاد ہیں ہم!"

تازہ ہوا کا جھونکا

ازقلم: محمد احسان غوث

مایوسی اور بیزاری سے تپتی بنجر زمین پر امید اور خوشی کی ایک کرن۔ ارشد ندیم۔ ایک طویل عرصے سے مایوسی کا شکار قوم کے چہروں پر ایک گولڈ میڈل حاصل کرنے کی خبر نے خوشی کی لہر دوڑا دی۔ اس کسمپرسی کے عالم میں یہ خبر تازہ ہوا کا ایک جھونکا بن کر آئی ہے۔ ایک شخص کی انفرادی محنت نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ اولمپکس گیمز پر ہم نے کبھی توجہ کیوں نہیں دی۔ ہم میں سے اکثریت کو تو ان کے بارے میں پتا ہی نہیں ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ آج دنیا میں عسکری، اقتصادی اور سیاسی میدانوں میں انہی قوموں کو عروج حاصل ہے جو کھیل کے میدان میں سرفہرست ہیں۔ کیوں ترقی یافتہ ممالک کھیلوں پر اتنا پیسہ خرچ کرتے ہیں۔ کیوں دنیا اپنے اتھلیٹس کو اتنی اہمیت دیتی ہے۔ ان تمام سوالات کے جوابات ارشد کی اس انفرادی کامیابی نے دے دیئے ہیں۔ اس کامیابی کے بعد ایک بات کا تو بخوبی اندازہ ہو گیا ہے کہ سپورٹس کس طرح پوری قوم کی سائیکی پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ لوگ اپنے تمام تر سیاسی اور مذہبی اختلافات کو پیچھے چھوڑ کر اس خوشی کو سیلیبریٹ کر رہے ہیں۔ جوینائل تھرو جیسی گیم جس کے بارے میں ہماری اکثریت لاشعور تھی اس کے رولز اینڈ ریگولیشن کے بارے میں زیادہ کچھ نہیں معلوم لیکن پھر بھی ہم اس فتح پر جشن منا رہے ہیں۔ اپنی انفرادی محنت سے اپنی قوم کو کامیابی دینے والے ارشد کا جو استقبال کیا گیا ہے وہ کوئی ان کے رشتے داروں یا کسی سیاسی جماعت کی طرف سے نہیں بلکہ لوگ خود اس کے لیے نکل رہے ہیں۔ اسی طرح دیگر سپورٹس کے کھلاڑیوں میں خود اعتمادی بڑھ رہی ہے۔ یقین مانیے اگر ایک گولڈ میڈل حاصل کرنے سے ارشد نے سیاسی سماجی اور معاشی گھٹن کے باوجود قوم کو اکٹھا کر دیا۔ اتحاد اور خود اعتمادی نظر آنے لگی ہے تو اولمپکس کی دیگر گیمز کو پروموٹ کرنے سے کسی کا کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ بلکہ تاریخ آپ کو اچھے الفاظ میں یاد رکھے گی کہ آپ نے اپنے حصے کا دیا جلا دیا۔ ارشد ندیم نے یہ ثابت کیا ہے کہ ہمیں کسی سپورٹس منسٹر یا اولمپکس ایسوسی ایشن کے انتظار میں رہنے کی بجائے اللہ تعالیٰ پر یقین رکھتے ہوئے اپنی انفرادی محنت سے قوم کے لئے کچھ نہ کچھ ضرور کرنا چاہیے۔

شوبز SHOWBIZ

کترینہ کیف کی نیوٹریشنسٹ نے اداکارہ کی فٹنس کا راز بتا دیا

اداکارہ خود کو چست رکھنے کیلئے روزانہ دوپہر اور رات کے کھانے کے بعد 100 قدم لازمی چلتی ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف کی نیوٹریشنسٹ نے اداکارہ کی ڈائٹ پلان سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ جیسا کہ سب ہی جانتے ہیں کترینہ کیف کا شمار ان فٹ اداکاراؤں میں ہوتا ہے جو سخت ڈائٹنگ کے ساتھ ساتھ ورزش بھی پابندی سے کرتی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حال ہی میں کترینہ کیف کی نیوٹریشنسٹ (ماہر غذائیت) شویتا شاہ اور یوگا ٹرینر شلوکا نے انٹرویو دیتے ہوئے کترینہ کیف کی ڈائٹنگ کے حوالے سے بتایا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ گھر کے بنے کھانے کو ترجیح دیتی ہیں

پرینیتی چوپڑا کی سوشل میڈیا پوسٹ سے مداح تشویش میں مبتلا

غیر اہم چیزوں (یا لوگوں) کو اہمیت نہ دیں اور اپنی زندگی کا ایک لمحہ بھی ضائع نہ کریں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ پرینیتی چوپڑا کی حالیہ سوشل میڈیا پوسٹ نے مداحوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا۔ پرینیتی چوپڑا نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک مختصر ویڈیو شیئر کی جس کے ساتھ موجود تحریر نے مداحوں کی توجہ حاصل کی۔ پرینیتی نے لکھا کہ اس مہینے میں نے کچھ توقف کیا اور اپنی زندگی پر غور کیا، میں اس نتیجے پر پہنچی کہ آپ کے سوچنے کا انداز ہی سب کچھ ہے۔ پرینیتی چوپڑا نے لکھا کہ غیر اہم چیزوں (یا لوگوں) کو اہمیت نہ دیں اور اپنی زندگی کا ایک لمحہ بھی ضائع نہ کریں۔

ثناء جاوید کی معذور پرستار سے ملاقات کی ویڈیو وائرل

اداکارہ ثناء جاوید معروف قومی کرکٹر شعیب ملک کی دوسری اہلیہ ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف اداکارہ و سپر ماڈل ثناء جاوید کی معذور پرستار سے ملاقات کی ویڈیو منظر عام پر آگئی۔ وائرل ویڈیو میں ثناء جاوید کو اپنے ایک پرستار کے ساتھ کھڑے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے جبکہ اداکارہ کا پرستار معذور ہونے کے سبب وہیل چیئر پر بیٹھا ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ثناء جاوید کے چہرے سے تذبذب کی سی کیفیت جھلک رہی ہے، کبھی وہ مسکرا رہی ہیں تو کبھی پریشان ہو کر ادھر ادھر دیکھ رہی ہیں۔ اس دوران اداکارہ کا پرستار ویڈیو بنانے والے کے ساتھ بات کر رہا ہے۔ پرستار نے ویڈیو میں ثناء جاوید کا نام بھی بتایا ہے۔

آیئے احمقوں کو مشہور کرنے سے گریز کرتے ہیں، نعمان اعجاز

لاہور (این این آئی) پاکستانی معروف سینئر اداکار نعمان اعجاز نے سوشل میڈیا پر اہم پیغام شیئر کیا ہے۔ لیجنڈری اداکار نعمان اعجاز نے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپنی نئی تصویر شیئر کرتے ہوئے نا صرف مداحوں سے عہد لیا ہے بلکہ خود بھی اپنے مشورے پر عمل کرنے کی بات کی ہے۔ اداکار نے انسٹاگرام پوسٹ کے کیپشن میں لکھا ہے کہ 'آیئے احمقوں کو مشہور کرنا بند کرتے ہیں جو اختلاف کرنا بھی نہیں جانتے'، وہ لوگ یہ بھی نہیں سمجھتے کہ ایک دوسرے کی رائے سے اختلاف رکھنے کا مطلب بے عزتی نہیں ہوتا۔ انہوں نے مزید لکھا کہ 'ان کے پاس اخلاقیات نہیں ہے لیکن وہ پھر بھی سوچتے ہیں کہ وہ اونچی آواز میں کسی بھی چیز کا جواز پیش کر سکتے

بشنوئی گینگ سے جان کا خطرہ، سلمان خان کا بیان سامنے آگیا

بشنوئی گینگ مجھے اور میرے اہل خانہ کو قتل کرنا چاہتا ہے، سلمان خان



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کیا سٹار اداکار سلمان خان نے کہا ہے کہ بشنوئی گینگ مجھے اور میرے اہل خانہ کو قتل کرنا چاہتا ہے۔ ممبئی پولیس کو اپنے بیان میں سلمان خان نے بتایا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ رواں برس اپریل میں ممبئی میں ان کی رہائش گاہ پر لارنس بشنوئی گینگ کی فائرنگ کا مقصد انہیں اور ان کے اہل خانہ کو قتل کرنا تھا۔ سلمان خان نے پولیس کو بتایا کہ انہوں نے 14 اپریل کی صبح گلیکسی اپارٹمنٹس میں اپنی رہائش گاہ پر سوتے ہوئے پٹاخوں جیسی آوازیں سنی تھی، صبح انہیں پولیس گارڈ نے بتایا کہ موٹر سائیکل پر سوار 2 افراد نے پہلی منزل کی بالکونی پر فائرنگ کی ہے۔

دونوں کی شادی کا چلنا مقدر میں نہیں تھا

ابھیشیک اور ایشوریا میں جلد علیحدگی ہو سکتی ہے: ہندو پنڈت کی پیشگوئی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی کئی مشہور جوڑیوں کے حوالے سے پیشگوئی کرنے والے ہندو پنڈت جگن ناتھ گروجی نے ابھیشیک اور ایشوریا کے درمیان علیحدگی کی پیشگوئی کر دی۔ بھارتی میڈیا پر گزشتہ ایک برس سے ابھیشیک اور ایشوریا رائے کے درمیان طلاق کی افواہیں سرگرم ہیں جن پر جوڑے کی جانب سے تاحال کسی قسم کا ردعمل نہیں دیا گیا۔ بھارتی بزنس ٹائیکون مکیش امبانی کے چھوٹے بیٹے اننت امبانی کی شادی کی تقریب میں ابھیشیک بچن کو اپنے والدین امیتابھ بچن اور جیا بچن کے ہمراہ شرکت کرتے دیکھا گیا جب کہ ایشوریا رائے اور آرادھیا کو تقریب میں تنہا آتے دیکھا گیا۔

میں نے جان بوجھ کر کم کمرشل فلموں کا انتخاب کیا، جھانوی کپور

کمرشل کی جگہ رسکی فلموں کا چناؤ کیا جس میں کامیابی کم اور ناکامی زیادہ ہے، اداکارہ



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی نوجوان اور ابھرتی ہوئی اداکارہ جھانوی کپور نے کہا ہے کہ انکے کیریئر میں ہٹ سے زیادہ ناکام فلمیں ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے رسکی فلموں کا انتخاب کیا، بڑی کمرشل فلمیں کر سکتی تھی۔ واضح رہے کہ بالی ووڈ کے معروف پروڈیوسر بونی کپور اور آنجہانی اداکارہ سری دیوی کی بیٹی 27 سالہ جھانوی کپور نے اپنے بالی ووڈ کیریئر کا آغاز اداکار ایشان کھتر کے ساتھ فلم 'دھک دھک' سے کیا۔ وہ 2 اگست کو ریلیز ہونے والی اپنی آئندہ فلم الجھ میں نظر آئیں گی، جس کی پروموشن کیلئے ان دنوں وہ کافی مصروف ہیں۔ بھارتی میڈیا کے ساتھ اپنے ایک انٹرویو میں جانہوی نے اپنے اب تک کے کیریئر میں فلموں کے چناؤ پر گفتگو کی۔ انکا کہنا تھا کہ انھوں نے جان بوجھ کر کم کمرشل فلموں کا انتخاب کیا۔

سپورٹس SPORTS

پاک انگلینڈ ٹیسٹ سیریز، ای سی بی کے سیکیورٹی وفد کی نیشنل اسٹیڈیم آمد، پی سی بی کی بریفنگ

کراچی (این این آئی) پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیسٹ سیریز کے پیش نظر انگلینڈ کرکٹ بورڈ (ای سی بی) کے سیکیورٹی وفد نے نیشنل اسٹیڈیم کراچی کا دورہ کیا۔ انگلینڈ کے سیکیورٹی وفد نے نیشنل اسٹیڈیم کراچی کے مختلف ایریاز کا دورہ اور اسٹیڈیم کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) حکام نے انگلینڈ کے سیکیورٹی وفد کو بریفنگ دی۔ واضح رہے کہ پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیسٹ سیریز رواں سال اکتوبر میں شیڈول ہے۔

اختلافات کے خبروں کے بیچ بابر، رضوان، شاہین کی تصویر وائرل

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کی مختلف فارمیٹس میں کپتانی اور ٹیم میں جھگڑوں کی خبروں کے بیچ بنگلا دیش کیخلاف ٹیسٹ سیریز کے آغاز سے قبل کھلاڑیوں پریکٹس سیشن کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے جاری کردہ تصاویر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ قومی ٹیم خصوصاً بابر اعظم، محمد رضوان اور شاہین آفریدی پریکٹس سیشن کے دوران ایک دوسرے سے مذاق کر رہے ہیں۔ قومی ٹیم کے کھلاڑی اِن دنوں راولپنڈی میں بنگلا دیش کیخلاف 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز سے قبل پریکٹس سیشن میں مصروف ہیں۔ قبل ازیں ٹی 20 ورلڈکپ میں ناقص کارکردگی کے بعد خبریں سامنے آئیں تھی کہ قومی ٹیم کے کھلاڑی بابر اعظم، محمد رضوان اور شاہین آفریدی کے درمیان اختلافات ہیں، جسکی وجہ سے ٹیم کا نقصان ہو رہا ہے تاہم کھلاڑیوں نے ایک دوسرے کیساتھ اختلافات کو ظاہر نہیں کیا۔ واضح رہے کہ بنگلا دیش اور پاکستان کے درمیان سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 21 سے 25 اگست تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم جبکہ دوسرا میچ 30 اگست سے 3 ستمبر تک نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جائے گا۔

ماسٹر آئل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کے پروگرام کا اعلان کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) خالد نفیس چیئرمین آر سی اے کے ٹورنامنٹ کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام ماسٹر آئل لبریکینٹس کے تعاون سے منعقد کردہ ماسٹر آئل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کے میچز 18 اگست سے کراچی کے مختلف گراؤنڈز پر شروع ہو رہے ہیں۔ ٹورنامنٹ کے تمام میچز ٹرف وکٹوں پر پی سی بی ایک روزہ قوانین کے تحت کھیلے جائیں گے جو کہ 40 اوورز پر مشتمل ہوں گے اور ایک بالر کو 8 اوورز کرانے کی اجازت ہوگی۔ شرکت کرنے والی ٹیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے میچز کے بارے میں فوری طور پر اپنے زونل عہدے داران یا ٹورنامنٹ سیکرٹری محمد توصیف صدیقی سے رابطہ قائم کریں۔

کھیلوں میں پاکستان کیلئے ایک اور بڑا اعزاز

پنجاب یونیورسٹی کے کھلاڑیوں نے ایشین رونگ چیمپئن شپ میں 9 میڈلز اپنے نام کر لئے

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی کے کھلاڑیوں نے ملائیشیا میں ہونے والی ایشین رونگ انڈور چیمپئن شپ میں شرکت کرتے ہوئے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی مرتبہ 9 میڈلز جیت کر تاریخ رقم کر دی۔ پنجاب یونیورسٹی کے کھلاڑیوں نے 5 گولڈ، تین سلور اور ایک برونز میڈل حاصل کیا۔ ایونٹ میں بھارت، سعودی عرب، ایران اور عراق سمیت 19 ممالک سے ٹیموں نے حصہ لیا۔ پنجاب یونیورسٹی رونگ ٹیم نے ڈائریکٹر سپورٹس زبیر احمد بٹ اور کوچ عبدالرحمٰن کی زیر نگرانی چیمپئن شپ میں حصہ لیا۔ چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والے پنجاب یونیورسٹی شعبہ اکنامکس کے عبدالرحمٰن نے 2 گولڈ اور ایک سلور میڈل جیتا جبکہ ہیلی کالج کے زرک خان نے بھی 2 گولڈ میڈلز حاصل کیئے۔ سپورٹس سائنسز کے گوہر ایوب نے 1 گولڈ اور 1 سلور میڈل اپنے نام کی۔ سپورٹس سائنسز کی اقراء نے 1 سلور اور 1 برونز میڈل حاصل کیا۔ ٹیم ایونٹ میں پنجاب یونیورسٹی کے کھلاڑیوں نے دو گولڈ میڈل جیتے

اگر فٹ رہا تو 2032 کا اولمپکس بھی کھیلوں گا، ارشد ندیم

لمبی تھرو میں فٹنس اور تکنیک دونوں کا کردار ہوتا ہے اور یہی میری کامیابی کا راز ہے

کراچی (این این آئی) پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیت کر پاکستان کا نام روشن کرنے والے ارشد ندیم نے کہا ہے کہ اولمپکس میں گولڈ میڈل اور اولمپک ریکارڈ تھرو کے بعد ان کی نظریں اب جیولین تھرو کے ورلڈ ریکارڈ پر ہیں۔ ایک انٹرویو میں ارشد ندیم نے اپنے کیریئر، کامیابیوں اور مستقبل پر بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ کس طرح وہ انجری کے باوجود اپنی محنت سے عزم و حوصلے کی داستان رقم کرنے میں کامیاب رہے۔ ارشد ندیم نے کہا کہ اس گولڈ میڈل اور ریکارڈ تھرو کے پیچھے بہت محنت ہے۔ انہوں نے اپنے کوچ سلمان اقبال بٹ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہر لمحہ ان کی رہنمائی کی اور انہیں کامیابی کے لیے سخت محنت کروائی۔ ارشد ندیم نے بتایا کہ وہ اولمپکس سے قبل انجری کا شکار رہے، لیکن ان کی محنت اور مستقل مزاجی نے انہیں کامیابی دلائی۔ انہوں نے کہا کہ وہ 2012 سے محنت کر رہے ہیں، جس کا پھل انہیں اب ملا۔ جیولین کے ایونٹ کے لیے مکمل فٹ ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ اس کھیل میں انجری کا خطرہ ہر وقت موجود رہتا ہے۔ ارشد نے بتایا کہ لمبی تھرو میں فٹنس اور تکنیک دونوں کا کردار ہوتا ہے، اور یہی ان کی کامیابی کا راز ہے۔ انہوں نے مستقبل کیا ارادوں پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اولمپک میڈل جیتنے کے بعد ان کا اگلا ہدف ورلڈ ریکارڈ توڑنا ہے۔ ارشد ندیم نے کہا کہ وہ ڈیڑھ سے دو ماہ آرام کے بعد ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کی تیاری شروع کریں گے اور ان کا مقصد جیولین تھرو کا ورلڈ ریکارڈ قائم کرنا ہے۔ ارشد ندیم نے کہا کہ اگلا اولمپکس 4 سال بعد ہے، اور اس سے پہلے بھی کئی اہم ایونٹس میں شرکت کا ارادہ ہے۔ اگر فٹ رہا تو 2032 کے اولمپکس میں بھی شرکت کروں گا اور ہدف وہاں بھی میڈل جیتنا ہوگا۔

پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان جاری 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کے پہلے میچ میں پچ فاسٹ بولرز کیلئے سازگار بتائی جانے لگی

لاہور (این این آئی) پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان جاری 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کے پہلے میچ میں پچ فاسٹ بولرز کیلئے سازگار بتائی جانے لگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بورڈ کے اعلیٰ حکام نے بتایا کہ بنگلا دیش کے خلاف راولپنڈی میں 21 اگست سے شروع ہونے والے پہلے ٹیسٹ کیلئے قومی ٹیم میں 3 فاسٹ بولرز اور ایک اسپنر کیساتھ میدان میں اترے گی۔ قومی ٹیم کے فاسٹ بولرز میں نسیم شاہ، شاہین شاہ آفریدی اور میر حمزہ کیساتھ میدان میں اُترے گی۔

سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام یوم آزادی کے حوالے سے تقریری مقابلہ جات کا انعقاد

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کی ہدایت پر محکمہ سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب کے زیر اہتمام پاکستان کے 77 ویں یوم آزادی کے حوالے سے ای لائبریری نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں تقریری مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا، جس میں سکولز اور کالجز کے سینکڑوں طلباء و طالبات نے شرکت کی ہے، ڈائریکٹر یوتھ افیئرز رانا ندیم انجم نے ٹاپ پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم کئے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر عطاء الرحمان اور لائبریرین شازیہ ثقلین، عمار افضل بھی موجود تھے۔ یوم آزادی کے اردو سکولز تقریری مقابلے میں محمد حسام القیوم، ارباب سکینہ اور ایشال مقصود نے بالترتیب پہلی دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی ہے

پاکستانی نوجوان نے ایشیائی رونگ چیمپئن شپ میں گولڈ اور براؤن میڈل جیت لیا

چھانگا مانگا (این این آئی) ڈی ایس پی پیٹرولنگ محمد اسلم کے بیٹے نے ملائیشیاء کے شہر پنام میں ہونے والے ایشیائی رونگ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل اور براؤن میڈل جیت لیا۔ تفصیلات کے مطابق عمران اسلم (جو کہ واپڈا میں ملازمت کرتے ہیں اور ڈی ایس پی پیٹرولنگ محمد اسلم کے صاحبزادے ہیں) نے ملائشیاء کے شہر پنام میں ہونے والی رونگ چیمپئن شپ جس میں دنیا کے 17 ممالک نے شرکت کی تھی۔ عمران اسلم نے بھارت کو فائنل میں ہرا کر گولڈ میڈل جیت کر وطن عزیز پاکستان کا نام روشن کر دیا، آل پنجاب آئس کریم مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے صدر اور کنگ آئس کریم کے پروپرائیٹر حاجی ملک منظور احمد آف واں کھارا نے گولڈ میڈل جیتنے پر عمران اسلم کو دو لاکھ روپے اور تمام اخراجات برداشت کرنے کا اعلان کیا ہے۔ حاجی ملک منظور احمد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے

Rawalpindi Medical University
ADP Scheme

INVITATION FOR BIDS
FOR PROCUREMENT OF FURNITURE, IT EQUIPMENT, CROCKERY ITEMS, PLANT & MACHINERY EQUIPMENT & LINEN

1. Rawalpindi Medical University has received the funds for the ADP Scheme "Construction of hostel for Students Rawalpindi Medical University Rawalpindi". Now University invites sealed bids on Item/ Lot Wise basis of each Category from well reputed Firms/Companies/Sole Proprietors (Sole Distributers)/ General order Suppliers who are registered on E-PADS (Electronic -Pak Acquisition and Disposal System) for "Procurement of Furniture, IT Equipment, Crockery Items, Plant & Machinery Equipment and Linen".
2. Bidding shall be conducted on 'Single Stage Two Envelopes' basis..
3. Bidders are required to submit the documents through E-PADS along with following information
   - The bidder should be registered with FBR.
   - Income tax/sales tax certificate from relevant department
   - Professional tax certificate (Punjab)
   - List of relevant major supplies.
   - Evidence for supporting financial soundness.
   - Estimated amount of each item/ lot is mentioned in bidding documents.
   - 2% Bid security of estimated amount in shape of CDR/Bank Guarantee/Pay Order/ Demand Draft of each item of each Category is mentioned in bidding documents must be attached with technical bids.
4. Conditional, optional, incomplete and bid not meeting the evaluation criteria shall be considered as 'Non-Responsive'.
5. Bidding documents containing evaluation criteria, specifications and other terms & conditions are available on https://eprocure.gov.pk, www.ppra.punjab.gov.pk and www.rmur.edu.pk
6. Prospective bidders are requested to submit their bids on / before 2-9-2024 till 10:30 a.m. on E-Pads.
7. Technical bids will be opened on the same date at 11:00 a.m. in the presence of bidders who intend to witness the proceedings. In case of official holiday on the day of submission, next day will be treated as closing date.

RMU may reject all the bids subject to relevant provision of Punjab Procurement Rules 2014

Vice Chancellor
Rawalpindi Medical University
New Teaching Block Rawalpindi
[Phone No. 08179291511 IPL-7690

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 16 اگست 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 16 اگست 2024، اسلام آباد سرکل، صبح 06:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، پی اینڈ ٹی ونی، جھنگی، ای ایم ای کمپلکس، کمرشل سینٹر، چاکرہ، شکریال فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، ڈاکٹر ٹاؤن، قریشی آباد، گرجا۔ ا، رنیال، شاہ پور، ڈھوک نور، جہلم سرکل، اسلام پورہ، کنگر، قاضیا فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

کی کمپنیاں آٹھویں نمبر پر آئیں، جس کی 742 نئی کمپنیاں چیمبر کی رکنیت میں شامل ہوئیں۔ سوڈان اس فہرست میں نویں نمبر پر رہا، جس کی 683 نئی سوڈانی کمپنیاں چیمبر کی رکنیت میں شامل ہوئیں۔ اردن نے دسواں نمبر حاصل کیا، جس کی اس سال کے پہلے چھ ماہ میں 674 نئی کمپنیاں چیمبر کی رکنیت میں شامل ہوئیں۔ سال 2024 کے پہلے چھ ماہ میں چیمبر میں شامل ہونے والی نئی رکن کمپنیوں کی شعبہ وار تقسیم کے لحاظ سے، تجارت اور مرمت کی ...

رہا ہے۔ براہمداغ بادشاہ ا؟ دی ہے وہ اس کو کچھ نہیں کر رہا ہے''۔ دہشت گرد لغاری چندرزئی نے کہا کہ ''براہمداغ نے خود تو ان دھرنے والوں کے اوپر ظلم ہونے پر مذمت کی ہے''۔ دہشت گرد سبزال نے کہا کہ ''ان کا مجھے پتا ہے جب اسلام آباد میں ان کا دھرنا ہوا تھا تو سردار براہمداغ نے 50 سے 70 لاکھ روپے ان کو دیے تھے''۔ دہشت گرد سبزال نے کہا کہ ''مجھے یہ بات ریاض گل نے بتائی تھی''۔ وہ لوگ بلوچوں کی خاطر یہ دھرنے اور جلوس کررہے ...

بقیہ 1

بجلی سے متعلقہ مسائل دریافت کیے اور متعلقہ افسران کو ان شکایات کے فوری ازالے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر آئیسکو چیف محمد نعیم جان کا کہنا تھا کہ آئیسکو صارفین کی شکایات کے تیز ترین ازالے کیلئے ہر طرح سے کوشاں ہے۔ صارفین نے حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر آئیسکو کے تمام آپریشن ایس ڈی او دفاتر میں روزانہ کی بنیاد پر دن 11:00 تا 01:00 بجے تک کھلی کچہریوں کے انعقاد کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کچہریوں میں ان کے بلنگ مسائل، بجلی بندش، نئے ٹرانسفارمرز / میٹرز کی تنصیب، پرانے اور خراب ٹرانسفارمرز / میٹرز کی تبدیلی، بجلی بلز کا موصول نہ ہونا اور بجلی سے متعلقہ دیگر شکایات کے فوری ازالہ کو ممکن بنایا جارہا ہے۔ آئیسکو چیف محمد نعیم جان نے دورے کے موقع پر فیلڈ افسران کو صارفین کی شکایات کے ازالے کو ممکن بنانے پر شاباش دی اور صارفین کے ساتھ دوستانہ اور پیشہ ورانہ تعلقات قائم کرنے پر ضرور دیا۔ تفصیلات کے مطابق 15 جولائی 2024 سے شروع کی جانے والی کھلی کچہریوں میں 126 آپریشن ایس ڈی او دفاتر میں اب تک مختلف نوعیت کی 10481 شکایات کا اندراج کروایا گیا جس میں سے 10449 شکایات کا فوری ازالہ ممکن بنایا گیا ...

باعث بنے گی۔ شہروں میں آبادی کے تیزی سے پھیلاؤ سے سماجی، اقتصادی اور ماحولیاتی مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نے کہا کہ ان اثرات کو کم کرنے کے لیے پاکستان کو آبادی میں اضافے سے نمٹنے کیلیے عوام کی مدد سے خاندانی منصوبہ بندی کے وسائل اور تعلیم تک رسائی کو بہتر بنانا ہوگا۔ آبادی میں اضافے کی شرح کو کم کرنے کے لیے ملازمتیں پیدا کرنا اور غربت کو کم کرنا ہوگا۔ وسائل کے استعمال کو بہتر بنانے کے لیے وسائل کے انتظام کے موثر طریقوں کو نافذ کرنا ہوگا۔ قدرتی وسائل کی حفاظت اور پائیدار طریقوں کو فروغ دینا ہوگا۔ بڑھتے ہوئے شہروں کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے پائیدار شہری منصوبہ بندی کی حکمت عملی بھی تیار کرنا ہوگی۔

بقیہ 7

کے قیام کے لیے اسلاف کی ناقابل فراموش قربانیوں کو یاد رکھنے پر زور دیا، اور کہا کہ اب یہ ہمارا اولین فرض ہے کہ ہم پاکستان کو مزید خوشحال، ترقی یافتہ اور زندگی کے ہر شعبے میں آگے بڑھائیں۔ انہوں نے ماحولیاتی تحفظ اور زراعت میں پائیدار طریقوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے گرین پاکستان اقدام میں اپنا حصہ ڈالنے کے لیے کونسل کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ ڈاکٹر علی نے کہا کہ تحقیق اور ترقی کے ذریعے، پی اے آر سی زرعی پیداوار کو بڑھانے، کسانوں کے ذریعہ معاش کو بہتر ...

لندن میں مقیم پاکستانیوں کی جانب سے تقریب کا انعقاد

چوہدری حامد حمید صاحب نے لندن میں مقیم پاکستانوں کے ہمراہ 77واں یوم آزادی منایا اور کیک بھی کاٹا

،چوہدری حامد حمید صاحب نے لندن میں مقیم تمام پاکستانی دوستوں کے زندہ جذبے اور وطن عزیز کیلئے محبت کو سراہتے ہوئے سلام پیش کیا

لندن (نمائندہ عوامی للکار) یوم آزادی پاکستان کے حوالہ سے لندن میں مقیم پاکستانیوں کی جانب سے خوبصورت تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سابق وفاقی وزیرمملکت ونائب صدر مسلم لیگ ن پنجاب چوہدری حامد حمید صاحب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، چوہدری حامد حمید صاحب نے لندن میں مقیم پاکستانوں کے ہمراہ 77واں یوم آزادی منایا اور کیک بھی کاٹا، چوہدری حامد حمید صاحب نے لندن میں مقیم تمام پاکستانی دوستوں کے زندہ جذبے اور وطن عزیز کیلئے محبت کو سراہتے ہوئے سلام پیش کیا، چوہدری حامد حمید صاحب نے تمام دوست احباب (بقیہ نمبر 26)

یوم آزادی پاکستان کے حوالہ سے لندن میں مقیم پاکستانیوں کی جانب سے خوبصورت تقریب کا انعقاد کیا گیا

ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان سے 3 سرجن ڈاکٹرز کے تبادلے

مقامی باسی پہلے ریڈیالوجسٹ اور اب سرجن ڈاکٹرز کی خدمات سے محروم شہری ذلیل وخوار ہونے لگے شعبہ ہیلتھ حکام کے لیے لمحہ فکریہ

بیک وقت تبادلے کہیں سوالات کو جنم دینے لگے 7لاکھ آبادی کی تحصیل کے واحد بڑے ہسپتال میں سرجنز کی عدم دستیابی ایک المیہ ہے شہری حلقے

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل گوجرخان کے باسی سرجن ڈاکٹرز کی خدمات سے محروم ہو گئے پہلے عرصہ دراز سے ریڈیالوجسٹ کی سیٹ خالی تھی جس پر تاحال تعیناتی ممکن نہ ہو سکی تھی رہتی کسر سرجن ڈاکٹرز کے بیک وقت تبادلوں نے نکال دی 7لاکھ آبادی کی تحصیل گوجرخان کے واحد ٹی ایچ کیو ہسپتال میں سرجنز کی عدم دستیابی کی بنا پر شہری ذلیل وخوار ہونے لگے سرجن ڈاکٹرز سے چیک اپ کروانے والے (بقیہ نمبر 42)

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین خان گنڈاپور سولر سکیم کے ماڈل ڈیزائن کا معائنہ کررہے ہیں

اسلام آباد، چیئرمین بینارٹیز الائنس پاکستان اکمل بھٹی ایڈووکیٹ پریس کانفرنس کررہے ہیں

دو ہفتوں میں انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کا مسئلہ حل کرنے کی ہدایت

''انٹرنیٹ سست ہونے سے کم از کم 500 ملین کا نقصان ہوا ہے'' سینیٹر افنان اللہ

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ قائمہ کمیٹی انفارمیشن ٹیکنالوجی نے دو ہفتوں میں انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کا مسئلہ حل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ جمعرات کو سینیٹ قائمہ کمیٹی انفارمیشن ٹیکنالوجی کا سینیٹر پلوشہ خان کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں ملک بھر میں انٹرنیٹ سروس متاثر ہونے پر بحث ہوئی۔ سینیٹ قائمہ کمیٹی آئی ٹی نے انٹرنیٹ سروس (بقیہ نمبر 44)

بلوچ ریپبلکن آرمی کے دو اہم دہشتگردوں کی خفیہ گفتگو سامنے آگئی

خفیہ فون کال میں دونوں دہشت گرد براہمداغ بگٹی اور ماہ رنگ بلوچ کے دھرنوں کے حوالے سے بات چیت کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) کالعدم دہشت گرد تنظیم بلوچ ریپبلکن آرمی کے 2 اہم دہشت گردوں کی خفیہ بات چیت منظر عام پر آگئی جس سے اہم انکشافات ہوئے ہیں۔ بلوچ ریپبلکن آرمی کے 2 اہم دہشت گردوں کی خفیہ فون کال میں دونوں دہشت گرد براہمداغ بگٹی اور ماہ رنگ بلوچ کے دھرنوں کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں۔ بات چیت (بقیہ نمبر 46)

بانی پی ٹی آئی کی سہولت کاری، مزید جیل افسران سے پوچھ گچھ شروع

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی سہولت کاری کرنے والے راولپنڈی کی اڈیالہ جیل کے سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کا نیٹ ورک پکڑا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ اس ضمن میں اڈیالہ جیل کے مزید 2 افسران سے پوچھ گچھ شروع کردی گئی۔ دیگر 2 افسران میں اڈیالہ جیل کے سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ظفر اور اسسٹنٹ ناظم شامل ہیں، یہ دونوں افسران سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل اکرم کے قریب رہائش پزیر تھے۔ ڈپٹی (بقیہ نمبر 43)

سائبر حملے روکنے کیلئے فائروال ضروری ہے، پوری دنیا اس کا استعمال کرتی ہے، شزہ فاطمہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) شزہ فاطمہ نے سائبر حملے روکنے کے لیے فائروال ضروری قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پوری دنیا میں فائروال کا استعمال کیا جاتا ہے۔ وزیر مملکت برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام شزہ فاطمہ نے صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انٹرنیٹ کے سست ہونے کی شکایات آئی ہیں (بقیہ نمبر 45)

کچے کے علاقہ میں دوران سرچ اینڈ کومبنگ آپریشن میں کامیابی

کشمیر پولیس نے کامیاب کارروائی کی دوران مغوی کو بازیاب کرالیا

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کشمور پولیس کا تھانہ حاجی خان شر کی حدود کچے کے علاقہ میں دوران سرچ اینڈ کومبنگ آپریشن میں کامیابی مل گئی۔ ایمبولینس ڈرائیور بازیاب تفصیلات کے مطابق مورخہ 24/07/2024 ایک ایمبولینس ڈرائیور کو فیک کال آئی کے ایک مریض کو کچے سے اسپتال منتقل کرنا ہے۔ اس کے بعد ایمبولینس ڈرائیور (بقیہ نمبر 34)

سالٹ رینج میڈیا کلب رجسٹرڈ پنڈ دادنخان تقریب

اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان ڈاکٹر حلیمہ منیر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح تحصیل پنڈ دادنخان میں بھی یوم جشن آزادی کو بھرپور انداز میں منایا گیا۔ اس موقع پر اراکین سالٹ رینج میڈیا کلب رجسٹرڈ پنڈ دادنخان بھی کسی سے پیچھے نہیں رہے اور تمام دن کی رپورٹنگ میڈیا کوریج اور پروگرامز کو اٹینڈ کرنے کے ساتھ ساتھ وطن عزیز کی آزادی کی خوشیاں منانے (بقیہ نمبر 35)

پنجاب کے میٹروپولیٹن شہروں میں اربن فلڈنگ خدشہ

مون سون کا شدید اسپیل 25 اگست تک جاری رہنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق 18 اگست تک دریائے چناب کے بالائی علاقوں میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارشیں متوقع ہے جسکے باعث دریائے چناب میں اونچے سے انتہائی اونچے درجے کے سیلابی ریلے (بقیہ نمبر 36)

ریٹائرڈ ہونے والے انسپکٹر آصف شاہ کو چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز شیلڈ پیش کررہے ہیں

ریٹائرڈ ہونے والے انسپکٹر آصف شاہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب

تقریب میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

محکمہ پولیس میں انکی خدمات کے اعتراف میں پھولوں کا گلدستہ اور اعزازی پولیس شیلڈ پیش کی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے انسپکٹر آصف شاہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد، تقریب میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور محکمہ پولیس میں انکی خدمات کے اعتراف (بقیہ نمبر 37)

پروٹیکٹر آفس کے افسران کو اپنے ذاتی مفادات کے لئے بلیک میل کیا جانے لگا

پروٹیکٹر آفس رحمان آباد میں مافیا نے پنجے گاڑھ لئے

نئے تعینات ہونے والے سٹاف کی وجہ سے ایجنٹ مافیا کا کام رکنے کی وجہ سے پہلے افسران کو اچھی ڈیل کی آفر اور اگر آفر قبول نہ کی گئی تو بلیک میلنگ شروع

ڈی جی بیورو آف ایمیگریشن، سیکرٹری منسٹری آف اوورسیز اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ سے ایجنٹ مافیا اور بلیک میلر گروپ کے خلاف ایکشن لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (احمد ضمیر سے) پروٹیکٹر آف ایمیگرانٹ پوری طرح بلیک میلر اور ایجنٹ مافیا کے رحم وکرم پے اعلی افسران کی کارکردگی پے سوالیہ نشان پروٹیکٹر آفس راولپنڈی میں نئے تعینات ہونے والے سٹاف کو پہلے تو اچھی رقم کی آفر اور بات نہ ماننے پے بلیک میل کیا جانے لگا تاکہ ایجنٹ مافیا کھلم کھلا کام کر سکے ذرائع کے مطابق کچھ دن قبل ایک خبر وائرل ہوئی تھی جس میں جانسن نامی شخص جو کہ پروٹیکٹر آفس میں ڈیٹا انٹری آپریٹر کے فرائض سرانجام دے رہا ہے کا ایجنٹ مافیا کے ساتھ گٹھ جوڑ بتایا گیا اس حوالے سے ہماری ٹیم نے مسلسل تین دن ڈیوٹی دے کر ثبوت اکھٹے کرنے کی کوشش کی تاکہ میرٹ پر ثبوت کے ساتھ خبر دی جا سکے لیکن حیران کن طور پر جانسن کا کسی ایجنٹ (بقیہ نمبر 27)

حالات کیسے بھی ہوں وطن کے استحکام، سلامتی پر سب کچھ قربان

جشن آزادی کی مناسبت سے راولپنڈی کے ایوب پارک میں EXOTICA سٹی کے تعاون سے ایک بڑی پروقار تقریب کا انعقاد

اسلام آباد (پ ر) ملک بھر میں زندہ و جاوید پاکستانی قوم نے یوم آزادی بھرپور جوش وخروش و ملی یکجہتی سے منا کر یہ پیغام دیا ہے کہ ملک کے حالات کیسے بھی ہوں وطن کے استحکام، سلامتی اور وقار پر سب کچھ قربان، جشنِ آزادی کی مناسبت سے راولپنڈی کے ایوب پارک میں EXOTICA سٹی کے تعاون سے ایک بڑی پروقار تقریب کا انعقاد ہوا، جس میں جڑواں شہروں سے فیملیز نے بڑی تعداد میں شرکت کی، معروف گلوکارہ نمرہ مہرہ، ساحر علی بگا، نبیل ساحر و دیگر فنکاروں نے اپنے فن اور ملی نغموں سے جشن آزادی کی خوشیوں کو دوبالا کیا جشن آزادی کے حوالے سے جڑواں شہروں میں یہ سب سے بڑی تقریب تھی جس میں پاکستان زندہ باد کی گونج رات گئے تک سنائی (بقیہ نمبر 47)

جشن آزادی کے پروگرام میں گلوکارہ نمرہ مہرہ پرفارم کررہی ہیں

انٹرنیٹ کی رفتار انتہائی سست، ڈیجیٹل معیشت کی بقا خطرے میں پڑ گئی

انٹرنیٹ کی سست رفتار ان کے کاروبار کی بقا کو خطرے میں ڈال رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز (آئی ایس پیز) ایسوسی ایشن کے مطابق ملک میں انٹرنیٹ کی رفتار میں 30 سے 40 فیصد کمی آگئی ہے۔ وائرلیس اینڈ انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز ایسوسی ایشن آف پاکستان نے اپنے بیان میں کہا کہ سیکورٹی اور نگرانی کو بڑھانے کے حکومتی فیصلے کا غیر ارادی نتیجہ نکلا ہے جس کے باعث گزشتہ چند ہفتوں (بقیہ نمبر 48)

سوشل میڈیا سروسز آئندہ 2 سے 3 روز میں معمول پر آجائیں گی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) فائر وال کی تنصیب کا دوسرا ٹرائل کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا گیا، سوشل میڈیا سروسز آئندہ 2 سے 3 روز میں معمول پر آجائیں گی۔ ذرائع ٹیلی کام نے بتایا کہ انٹرنیٹ سروس فراہم کرنے والی کمپنیوں پر فائر وال انسٹال کردی گئی، فائر وال سے موبائل سگنلز انٹرنیٹ سروس کو بھی ڈاؤن کیا گیا۔ نیشنل سیکیورٹی کے پیش نظر فائر وال کی تنصیب کی جا رہی ہے، فائر وال ڈیپ پیکٹ انسپکشن کی صلاحیت کی حامل ہوگی۔ (بقیہ نمبر 49)

گھریلو حالات سے تنگ باپ کی فائرنگ سے ایک بچی قتل دوسری زخمی

خراب گھریلو حالات کے باعث زمان نے اپنا مکان تک فروخت کردیا تھا

* کلرکہار (خاور شہزاد سے) ضلع چکوال تحصیل کلرکہار علاقہ بھون میں گھریلو حالات سے تنگ باپ کی فائرنگ سے ایک بیٹی قتل دوسری شدید زخمی، قاتل باپ روپوش * چکوال تھانہ کلرکہار کے قصبہ بھون میں گھریلو حالات سے تنگ آئے باپ کی فائرنگ سے ایک بیٹی جاںبحق، دوسری شدید زخمی، تفصیلات کے مطابق بھون کا رہائشی زمان نامی شخص عرصہ سے بیروزگار تھا اور اس کی اہلیہ بھی اس سے ناراض تھی، خراب گھریلو حالات کے باعث زمان نے اپنا (بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد PID میڈیا سنٹر میں APRNS کی پانچویں سالگرہ تقریب کا کیک کاٹا گیا مرکزی قیادت نے مل کر کیک کاٹا

فپواسا ایگزیکٹو کونسل کے آن لائن اجلاس میں HEC کی غفلت پر تشویش کا اظہار

اجلاس کا ایجنڈا ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کی غفلت اور پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو درپیش اہم مسائل کو حل کرنے میں ناکامی پر مرکوز تھا

تین ماہ کے دوران اگرچہ چیئرمین ایچ ای سی کو پیغامات اور خطوط کے ذریعے باضابطہ درخواستیں کی گئیں لیکن انہوں نے جواب دینے کی زحمت نہیں کی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) فیڈریشن آف آل پاکستان یونیورسٹیز اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن (FAPUASA) کی ایگزیکٹو کونسل کا ایک آن لائن اجلاس آج پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر منعقد ہوا۔ اجلاس کا ایجنڈا ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کی غفلت اور پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو درپیش اہم مسائل کو حل کرنے میں ناکامی پر مرکوز تھا۔ فپواسا کے مرکزی صدر ڈاکٹر (بقیہ نمبر 28)

سرگودھا پولیس نے غیر ممنوعہ بور اسلحہ کی بڑی کھیپ پکڑ لی

اسمگلر موقع سے فرار، پولیس کی تلاش جاری، سرگودھا پولیس

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے علاقہ غیر سے آنے والے ممنوعہ بور اسلحہ کی بڑی کھیپ پکڑلی جبکہ اسحلہ سمگلر موقع سے پولیس کو جل دے کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا جس کی تلاش میں پولیس مصروف ہے۔ ذرائع کے مطابق اسحلہ کا سمگلر علاقہ غیر سے ممنوعہ بور کے اسحلہ کی بڑی کھیپ بوروں میں چھپا کر سپلائی کے لئے لے جا رہا تھا کہ سرگودھا (بقیہ نمبر 50)

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے سابقہ ممبر گورننگ باڈی ڈاکٹر ظہور ابرار پریس کانفرنس کررہے ہیں

چیئرمین ایف بی آر زبیر ٹوانہ قبل از وقت سبکدوش ہوگئے

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے چیئرمین ملک امجد زبیر ٹوانہ قبل از وقت ریٹائرمنٹ کی درخواست منظور ہونے پر گزشتہ روز عہدے سے سبکدوش ہو گئے۔ اس حوالے سے باضابطہ طور پر نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا۔ ان لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ ائیس کے افسر ملک امجد زبیر ٹوانہ نے قبل از وقت ریٹائرمنٹ کے لیے وزیراعظم کو درخواست دی تھی جس کے بعد راشد محمود کو نیا چیئرمین ایف بی آر تعینات کیا گیا تھا۔

ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں مختلف میڈلز جیتنے والے قومی ہیرو یاسر سلطان پریس کانفرنس کررہے ہیں

نجی نیوز نیٹ ورک بھکر کی طرف سے یوم آزادی پر انٹرٹینمنٹ پروگرام

پاکستان عظیم قربانیوں سے حاصل ہوا، صاحبزادہ عابد سلطان باہو

بھکر (ظفر اعوان) نجی نیوز نیٹ ورک بھکر کی طرف سے یوم آزادی 14 اگست کا انٹرٹینمنٹ پروگرام منعقد ہوا۔ جس کی قیادت صاحبزادہ پیر ڈاکٹر عابد سلطان باہو مرکزی چیف کوارڈینیٹر مشائخ اتحاد پاکستان نے کی۔ مہمان خصوصی طارق حمید نیازی (سیاسی وسماجی شخصیت۔ ظفر اعوان/ جرنلسٹ و مرکزی صدر فکر سخن۔ زین شہانی۔ معروف شاعر قلب عباس۔ عابد علیم سہو۔ ودیگر نامور شخصیات تھے۔ چوہدری عزیز سلطان۔ ایڈمن نجی نیوز دی او (بقیہ نمبر 39)

پی ٹی آئی پارلیمانی لیڈر حافظ فرحت عباس عہدے سے مستعفی

ضمانتیں خارج ہونے کی وجہ سے عہدے کی ذمہ داریوں سے انصاف نہیں کرسکوں گا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر حافظ فرحت عباس نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں حافظ فرحت عباس نے کہا کہ 9 مئی کے مقدمات میں میری ضمانتیں خارج کی گئی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان حالات میں میں پارلیمانی لیڈر کے عہدے کی ذمہ داریوں سے انصاف نہیں کرسکوں گا۔ انہوں نے مزید لکھا کہ میں نے اپنا استعفیٰ پارٹی کو پیش (بقیہ نمبر 29)

ڈیرہ غازی خان کی سرحدی چوکی پر خوارجی دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنادیا گیا

ڈیرہ غازی خان (این این آئی) ڈیرہ غازی خان کی سرحدی چوکی پر خوارجی دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنا دیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق ڈیرہ غازی خان کے تھانہ وہوا کی سرحدی چوکی لکھانی پر خوارجی دہشت گردوں نے رات گئے اچانک حملہ کیا۔ چیک پوسٹ لکھانی پر چاروں طرف سے 50 سے 60 خوارجی دہشت گرد حملہ آور ہوئے۔ ترجمان کے مطابق تھرمل امیج کیمروں کی مدد سے (بقیہ نمبر 30)

اسٹیل ملز کے نقصانات 600 ارب روپے تک پہنچنے کا انکشاف

اسٹیل ملز نیشنل بینک کی 258 ارب روپے کی نادہندہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اسٹیل ملز کے نقصانات 600 ارب روپے تک پہنچنے کے ساتھ ساتھ مل کی اسٹیل ملز کی 305 ایکڑ پر انکروچمنٹ پہنچنے کا انکشاف ہوا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے صنعت وپیداوار کا اجلاس سید حفیظ الدین کی زیرصدارت ہوا۔ اجلاس میں یہ بات سامنے آئی کہ اسٹیل ملز کے نقصانات 224 ارب اور ادائیگیوں (بقیہ نمبر 31)

190 ملین پاؤنڈز ریفرنس، سماعت 17 اگست تک ملتوی

عدالت کی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو نیب کا غذات بشریٰ بی بی کو واپس کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (انٹرنیوز) احتساب عدالت راولپنڈی نے 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس کی سماعت 17 اگست تک ملتوی کرتے ہوئے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو نیب کاغذات بشریٰ بی بی کو واپس کرنے کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق اڈیالہ جیل راولپنڈی میں احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے بانی پی ٹی آئی عمران خان و اہلیہ بشریٰ (بقیہ نمبر 32)

عالمی ادارہ صحت نے ایم پاکس کو عالمی وباء قرار دے دیا

ایم پاکس کے زیادہ کیسز افریقی ممالک میں رپورٹ ہوئے، وزارت صحت

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزارت صحت نے بتایا ہے کہ عالمی ادارہ صحت نے ایم پاکس کو عالمی وباء قرار دیا ہے، افریقہ کے کچھ ممالک میں کیسز رپورٹ ہوئے ہیں تاہم پاکستان میں کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ عالمی ادارہ صحت نے کانگو اور کئی افریقی ممالک میں ایم پاکس کی نئی قسم کے پھیلاؤ کو ہنگامی عالمی صورتحال قرار دیا ہے۔ ترجمان کے مطابق افریقہ کے کچھ (بقیہ نمبر 33)

سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا پورا نیٹ ورک پکڑا گیا

بانی چیئرمین تحریک انصاف کے لیے اڈیالہ جیل میں سہولت کاری کے الزام میں اہم پیش رفت ہوئی ہے

دونوں افسران سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل اکرم کے قریب رہائش پذیر تھے، ذرائع

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) عمران خان کے لیے سہولت کاری پر سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا پورا نیٹ ورک پکڑا گیا۔ ذرائع کے مطابق بانی چیئرمین تحریک انصاف کے لیے اڈیالہ جیل میں سہولت کاری کے الزام میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، جس کے مطابق سکیورٹی اداروں نے سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل محمد اکرم کا جیل میں مکمل نیٹ ورک پکڑ لیا، جیل کے مزید 2 افسران سے پوچھ گچھ شروع کردی گئی ہے۔ دیگر 2 افسران میں اڈیالہ جیل کے اسسٹنٹ ناظم، سابق ڈپٹی (بقیہ نمبر 52)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا صحت دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

آئس کریم یونٹ بند، 170 کلو سے زائد ایکسپائر خام مال تلف، 1 لاکھ جرمانہ عائد

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے صحت دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سبزہ زار، ٹھوکر اور مضافاتی علاقوں میں آپریشن کیا، سبزہ زار میں آئس کریم یونٹ بند، 170 کلو سے زائد ایکسپائر خام مال تلف، 1 لاکھ جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ ٹھوکر نیاز بیگ پر علی الصبح ناکہ بندی کر کے 44 دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ کے دوران 56 ہزار 200 لیٹر دودھ کا معائنہ، قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے عائد کیے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ آئسکریم یونٹ سے ایکسپائر خام مال برآمد ہونے پر سخت کارروائی عمل میں لائی (بقیہ نمبر 51)

موسم گرما کی تعطیلات کے بعد تعلیمی ادارے دوبارہ کھل گئے طلباء سائیکل پر سکول جارہے ہیں

پنجاب بھر میں 18 اگست تک مزید مون سون بارشوں کی پیشگوئی

پنجاب کے بیشتر اضلاع میں آندھی، گرج چمک کے ساتھ بارش کے امکانات

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں 18 اگست تک مزید مون سون بارشوں کی پیشگوئی کردی گئی۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں جہلم 30 ملی میٹر، منگلا 25 جبکہ سیالکوٹ اور گجرانوالہ میں 19 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ آئندہ 24 گھنٹوں میں پنجاب کے بیشتر اضلاع میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کے امکانات ہیں۔ لاہور، گجرانوالہ، راولپنڈی، سرگودھا، ملتان، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، فیصل آباد، ساہیوال اور گجرات ڈویژنز میں مون سون بارشیں متوقع ہیں۔ موسمی صورتحال کے بارے صوبے بھر کی (بقیہ نمبر 40)

چھ ماہ میں دبئی چیمبر میں تقریباً 4 ہزار پاکستانی کمپنیوں کی شمولیت

دبئی چیمبر میں شامل نئی غیر اماراتی کمپنیوں کی فہرست میں پاکستانی کمپنیوں کا دوسرا نمبر

لاہور (این این آئی) پاکستان 2024 کے پہلے چھ ماہ میں دبئی چیمبر آف کامرس میں شامل ہونے والی نئی غیر اماراتی کمپنیوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر رہا جہاں تقریباً 4,000 پاکستانی کمپنیاں اس خلیجی ملک کے ادارے کے ساتھ رجسٹر ہوئیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق جنوری سے جون 2024 کے دوران 3,968 پاکستانی کمپنیاں چیمبر کے ساتھ رجسٹر ہوئیں۔ جو 2023 کے اسی عرصے کے مقابلے میں 17 فیصد کے اضافہ کو ظاہر (بقیہ نمبر 41)

ایڈیٹرانچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035